آر سی تلواڑ فلمز

एक दिल सौ अफसाने

ایک دل سو افسانے

اداکاران

راج کپور۔ وحیدہ رحمان

للتا پوار

قیمت چھ نئے پیسے

تن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

ایک دل سو افسانے فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

مست نظر دیکھ ادھر ہم ہیں وہی دل والے
عشق میں جو ڈوبے ہیں جان ہم ہیں وہی متوالے
دیکھا یہ حسن جب سے میرا دل ہی کھو گیا ہے
میرے دوست تو پوچھتے ہیں کیا تم کو ہو گیا ہے
مست نظر ——

غیروں سے ملیں کے بات ہم سے نظر چرانا
مجھے مار ہی نہ ڈالے تیرا رخ یہ قاتلانہ
مست نظر ——

تیری اک نظر پہ ظالم قسمت کا فیصلہ ہے
جینے کی غرض ہے مرنے کا حوصلہ ہے
مست نظر ——

گانا نمبر ۲ — سنو جی سنو ہماری بھی سنو
اجی مہرباں ، ہماری بھی سنو
نہ ٹپا نہ ٹھمری ، غزل ہے نہ کجری
یہ راگنی ہے پیار کی سنو جی ——
ترانہ ہمارا زمانے سے نیارا
ہر ایک سر میں دل ہے دھڑکتا ہوا

ہر ایک بول پیارا کہ جیسے ستارہ
اکیلا گگن میں چمکتا ہوا
سنو جی سنو —

اشاروں میں بولوں زباں تک نہ کھولوں
لگا ہوں ہمیں کہ دل سمجھ لو اگر
نہ یہ بیخودی ہے نہ دیوانگی ہے
مجھے تو لگی ہے تمہاری نظر
سنو جی سنو —

سنو میرے دل کی میری آرزو تھی
تمنا یہی تھی تم ہو قریب
یہ چلمن ہٹا دو وہ جھلکی دکھا دو
کہ اب تو جگا دو ہمارے نصیب۔ سنو جی —
گانا نمبر ۳ نہ او جادوگر پیار کے یہ بتا
دل میرا کیوں تیرا ہو گیا
پیار ہوا جب سے چہرہ کھلا تب سے
یا نا مہرباں او جادوگر
سانسوں میں ہے ہلچل ہم تو ہوئے پاگل
کیسا کیا تم نے جادو پیا
تو ہے میرا جیون، کہتی ہے یہ دھڑکن
نا نا نا سنتا او جادوگر
پیار کے —

گانا نمبر ۴ لڑکا:۔ تم ہی تم ہو میرے جیون میں
پھول ہی پھول ہے جیسے چمن میں

لڑکی:۔ ایک ہو میرے تم اس جہاں میں
ایک ہے چندا جیسے گگن میں

لڑکا:۔ تم ہی تم ہو ——

لڑکی:۔ تم ہی تم ہو ——

تم ملے مجھے نیا جہان مل گیا
مجھ کو بھی زمین کو آسمان مل گیا

لڑکا:۔ تم ہی تم ہو ——

لڑکی:۔ تم ہی تم ہو ——

لڑکا:۔ تم سے دل کا چین ہے تم سے ہے قرار
تم نہ ہو تو سمجھا کہ روٹھ جائیگی بہار

لڑکی:۔ تم ہی تم ہو تم ہی تم ہو
تم ہی میرے کون زندگی ہے کیوں چین

لڑکا:۔ سن لو میری دھڑکنیں تو آئے گا یقین

لڑکی:۔ تم ہی تم ہو ——

لڑکا:۔ تم ہی تم ہو ——

گانا نمبر ۵:۔ ایک دل اور سو افسانے
ہائے محبت ہائے زمانے
من بنیا کے مدھر سروں میں
گاتے ہیں سب پریم ترانے

دل جو نہ ہوتا کچھ بھی نہ ہوتا
آنکھ نہ روتی اور درد نہ اٹھتا
اپنا یہ دامن کون بھگوتا
کون کسی کے یوں پیار میں کھوتا
ایک دل اور سو افسانے

دل جو لگا تو چین نہ پایا
سارے جہاں کا الزام اٹھایا
باتیں سنائے اپنا پرایا
یہ تو جنم جنم سے ہوتا ہی آیا
ایک دل اور سو افسانے

تو میری منزل پیار کا ساحل
جاؤں کدھر میں ہے تو ہی مقابل
او میرے ہمدم لاکھ ہو مشکل
کر کے رہیں گے ہم تجھ کو ہی حاصل
ایک دل —

گانا نمبر ۶ — کچھ شعر سناتا ہوں
جو تجھ سے مخاطب ہے
اک حسن پری دل میں ہے
جو ان سے مخاطب ہے
سیکھی ہے تجھ سے پھولوں نے ہنسنے کی ہر ادا
سیکھی ہوائے تم سے ہی چلنے کی ہر ادا

آئینہ تمکو دیکھ کر حیران ہو گیا
اِک بے زبان تم سے ہم زبان ہو گیا
کتنی بھی تعریف کروں
رُکتی نہیں زبان
کچھ سُناتا ہوں —
ہاتھوں کا لوچ رس بھری شاخوں کی داستان
نازک ہتھیلیوں پہ وہ
مہندی کا گلستان
مُرجائے تم پہ دھوپ تو
سنولائے گورا تن
مخمل پہ تم چلو تو
چھلے پاؤں گلبدن
کتنی بھی تعریف کروں رُکتی نہیں زبان
کچھ شعر سناتا ہوں
آنکھیں اگر جھکی تو
محبت مچل اُٹھے
نظریں اگر اُٹھی تو قیامت مچل اُٹھے
انداز میں حضور کا ثانی نہیں کوئی
دونوں جہاں میں ایسی جوانی نہیں کوئی
کتنی بھی تعریف کروں
رُکتی نہیں زبان

کچھ شعر سُنا تا ہوں
آواز کیا ہے جیسے کوئی بانسری بجے
جس راگنی کو گاؤ
وہی راگنی سجے
باتیں کرو کھلنے لگے پھول پیار کے
چپ ہی رہو تو سونے لگے دن بہار کے
کتنی بھی تعریف کروں رکتی نہیں زبان
کچھ شعر سُنا تا ہوں —

گانا نمبر ۷ — دور کے او چندا آ
میری باہوں میں آ
دل میں روشنی کر آنکھوں میں تو مسکرا
گھر گھر ساون برسے رے
پیاسی ممتا ترسے رے
گھر گھر ساون برسے رے
بن تیرے میرا آنگن سونا سونا رہے
دور کے او چندا —
بھولی بھالی آنکھوں میں ان سوالی آنکھوں میں
دل میں ہے جیون کا منوہر سپنا
دور کے او چندا

ختم شد

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ 4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر 2/-/-
ورکشاپ گائیڈ 4/-/-	مکمل فوٹو گرافی 2/8/-
موٹر گائیڈ 4/-/-	روشنائی سازی 2/-/-
کروڈ آئیل 6/-/-	حیلصیو رنٹ ہو 1/8/-
نقل عطر سازی 2/-/-	شیشہ سازی 2/-/-
گھڑی سازی 2/8/-	اچار مربے چٹنی 1/8/-
ریڈیو گائیڈ 4/-/-	باورچی خانہ 2/8/-
صابون سازی 1/8/-	مجموعہ فالنامہ 1/-/-
دستکار یادبین 6/-/-	ٹیچر گائیڈ 4/-/-
الیکٹرک وائرنگ 4/-/-	جنتری ہماکنی جیب 1/4/-
نجار و نقشا 3/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر 2/-/-
آئیل انجن گائیڈ 5/-/-	کاشتکاری باغبانی 4/-/-
مکمل مرغی خانہ ترجمہ 4/-/-	بیکری بسکٹ بنانا 2/-/-
تمباکو کی دکان 2/-/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا 1/8/-
بوٹ پالش بنانا 2/8/-	آسان انگلش ٹیچر 2/-/-
سینما مشین آپریٹر 4/-/-	ادھوپ اگربتی بنانا 1/8/-

زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

(دلہ آباد پریس دہلی)